ایل۔ بی۔ فلمز

[illegible]

اداکاران
عمران ساہنی
بیلا، انیس

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

راجہ جی نے اپنے راج وید کو بلایا
وید جی نے روگ یہ ارشاد بتلایا
سوجھ بوجھ گیان جب کام نہ آیا
راجہ نے ہر کونے میں اعلان کروایا
سنو بھائیو سنو
اطلاع دی جاتی ہے
خاص اور عام کو
ملک تمام کو
جو کوئی ہنسائے
راجکماری کو
راجہ کی بیٹی پھول کماری کو
راجہ اسے دیں گے آدھا راج
اور بیاہ دیں گے اسی کو راج دلاری پھول کماری کو
ایک ایک کر ہار گئے سب پھول نہیں رہی نکھر
مت پوچھو کیا بیت رہی تھی بات بنا کے دل پر
مگر یہ کون - یہ کیسی آواز
لیکے دل کا ساز ہم آ گئے
گیت گانے آ گئے
کھل کے کلیوں نے کہا۔ دن سہانے آ گئے
غم کے بادل ہٹ گئے، کھل گیا نیلا گگن
ہر کلی کو پیار سے چھو گئی، سورج کرن

راجہ جی نے اپنے راج وید کو بلایا
وید جی نے رو کے یہ ارشاد بتلایا
سوجھ بوجھ گیان جب کام نہ آیا
راجہ نے ہر کونے میں اعلان کروایا
سنو بھائیو سنو
اطلاع دی جاتی ہے
خاص اور عام کو
ملک تمام کو
جو کوئی ہنسائے
راجکماری کو
راجہ کی بیٹی پھول کماری کو
راجہ اسے دیں گے آدھا راج
اور بیاہ دیں گے اسی کو راج دلاری پھول کماری کو
ایک ایک کر ہار گئے سب پھول بنی رہی پتھر
مت پوچھو کیا بیت رہی تھی بات پتا کے دل پر
مگر یہ کون - یہ کیسی آواز
لیکے دل کا ساز غم
گیت گانے آ گئے
کھل کے کلیوں نے کہا۔ دن سہانے آ گئے
غم کے بادل ہٹ گئے، کھل گیا نیلا گگن
ہر کلی کو پیار سے چھو گئی، سورج کرن

مسکرا لو جھوم لو، وہ سامنے آ گئے
یہ نغمہ ناسیکھ لو۔ لو یہ دل کا ساز لو
تم بھی اپنے پیار کو پیار سے آواز دو
ہم بھی دن نئے چور کا دل چرانے آ گئے
سماں البیلا یہ دن ہیں ملن کے
پردیسی لے کے آئے دیکھو میت میرے من کے
پیا پیا گائے جیا، ناچے من مورا
میری اُن کی جوڑی جیسے چاند اور چکورا
نینوں میں چھپائے پھروں سپنے سجن کے
چوری چوری دیکھوں اُنہیں کھڑی شرماؤں
سیدھے سیدھے اُن سے میں نگاہیں نہ ملاؤں
گاؤں دہراؤں گیت اپنے لگن کے
جنہیں ہم نے دل دیا وہ بھی رہے میرے
من میں مناؤں گی میں سانجھ اور سویرے
جیتے جی نہ ٹوٹیں گے یہ بندھن جیون کے
جیسے اُن کے اچھے دن پھر سے لوٹ آئیں
مالک ایسے سب کی سُنے سب کے دن لوٹ آئیں
دل کا ساز ہم
گیت گانے آ گئے

گانا نمبر ۲:
جانے کیسے میلوں میں کھو گئیں اکھیاں

میں تو ہوں جاگی، بیری سو گئیں اکھیاں
عجیب دیوانی بھئی۔ موسے انجانی بھئی
پل میں پرائی دیکھو ہو گئیں اکھیاں ۔ جانے ۔۔
برسی یہ کیسی دھارا، کانپے تن من سارا
رنگ سے انگ بھگو گئیں اکھیاں ۔ جانے ۔۔
من اجیارا چھایا۔ جگ اجیارا چھایا
جگمگ دیپ سجو گئیں اکھیاں ۔ جانے ۔۔
کوئی من بھا گیا۔ جیدوا چلا گیا
من کے دو موتیاں پرو گئیں اکھیاں ۔ جانے

گانا نمبر ۳:-

کیسے دن بیتے، کیسی بیتی رتیاں ۔ پیا جانے نہ
نیہاں لگا کے میں پچھتائی ر
ساری ساری رتیاں نیند نہ آئی
جان کے دیکھو میرے جی کی بتیاں ۔ پیا جانے ۔۔
رت متواری آ کے چلی جائے
من میں ہی میرے من کی رہی جائے
کھلنے کو ترسیں ننھی ننھی کلیاں ۔ پیا جانے دو۔
کجرا نہ سہائے، گجرا نہ سوہے
برکھا نہ بھائے، بدرا نہ سوہے
کیا کہوں جو پوچھیں موسے سکھیاں
پیا جانے نہ ۔۔

گانا نمبر ۴ :-

ہائے رے وہ دِن کیوں نہ آئے
جا۔ جا کے رُت لوٹ آئے ۔ ہائے رے
جھل مل وہ تارے۔ کہاں گئے سارے
من باتی جلے بُجھ جائے ۔ ہائے رے ۔
سونی میری بینا، سنگیت بنا
سپنوں کی مالا مُرجھائے ۔ ہائے رے

گانا نمبر ۵ :-

مَن میرے لال، یوں نہ ہو بے حال
دیش بیرایا یہاں کوئی نہ پوچھے جی کا حال رے
آئے تھے اکیلے ہم ۔ جائیں گے اکیلے
گھڑی دو گھڑی کے ہیں دنیا کے میلے
رین بسیرا یہاں سوچ سمجھ ڈیرا ڈال رے
مَن میرے لال —
پریت یہاں کی جھوٹی
میت بھی جھوٹے
سپنوں کے سنگ یہاں دِل سدا ٹوٹے
موہ نہ کر یوں رے اپنے کو دیکھ سنبھال رے
مَن میرے لال —

ختم شد

صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور میکینک

دستکار اور مستری بنانے والی کتابیں

الیکٹرک گائڈ	4/-/-	سر گنگا رام پاکٹ بک	12/-
موٹر گائڈ	4/-/-	کپڑے رنگنے کا ہنر	2/8/-
ورکشاپ گائڈ	3/-	مکمل فوٹو گرافی	2/8/-
کروڈ آئیل	5/-/-	روشنائی سازی	2/-/-
تیل عطر سازی	2/-/-	شیشہ سازی	2/-/-
گھڑی سازی	2/8/-	خوبصورت تیو	1/8/-
ریڈیو گائڈ	4/-/-	اچار مربے چٹنی	1/8/-
صابون سازی	1/8/-	باورچی خانہ	2/8/-
دستکار ماڈرن	4/-/-	مجموعہ فالنامہ	1/-/-
الیکٹرک وائرنگ	4/-/-	انجنیئر گائڈ	4/-/-
خراد شکشا	3/-/-	نجاری پیمائش چوب	1/4/-
آئیل انجن گائڈ	5/-/-	کپڑے دھونے کا ہنر	2/-/-
تمباکو کی دکان	2/-/-	کاشتکاری باغبانی	4/-/-
بوٹ پالش بنانا	2/8/-	مکمل مرغی خانہ دو حصہ	4/-/-
بیکری بسکٹ بنانا	2/-/-	سینما مشین آپریٹنگ	4/-/-
بغیر بجلی کا ریڈیو بنانا	1/8/-	دھوپ اگربتی بنانا	1/8/-